بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ان الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء ۔ اتا تدبر کل امر بعلمک و تکلم موتی

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ الفضل ربوہ

The Daily ALFAZL RABWAH

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت فی پرچہ ۴۰ پیسے

جلد ۶۸/۲۳ | ۱۴ رجب ۱۳۹۹ھ | ۳۱ ہجرت ۱۳۵۸ھ | ۳۱ مئی ۱۹۷۹ء | نمبر ۱۲۱

اخبار احمدیہ

ربوہ ۳۱ ہجرت (مئی) سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے، الحمد للہ

احباب جماعت بالالتزام دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضور کو صحت و عافیت سے رکھے اور ہمیشہ اپنی تائید و نصرت سے نوازتا رہے۔ آمین

حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی طبیعت تا حال پہلے جیسی ہے بلکہ بلڈ پریشر کل سے زیادہ ہے۔

احباب جماعت درد و الحاح کے ساتھ حضرت سیدہ مدظلہا کی صحت کاملہ و عاجلہ اور درازی عمر کے لئے دعائیں جاری رکھیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خطبہ جمعہ

اللہ تعالیٰ نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عظیم صلاحیتیں اور استعدادیں دیکر قیامت تک کیلئے افضل الرسل اور خاتم الانبیاء کی حیثیت میں مبعوث فرمایا ہے

آپ کو چونکہ ربوبیت عالمین کے لئے مبعوث فرمایا گیا ہے اس لئے آپ کی تعلیم میں بنی نوع انسان کی قیامت تک کی ضرورتوں کا سامان رکھ دیا گیا

آپ کے مقصد بعثت یعنی خدا تعالیٰ کی معرفت اور پیار کے حصول کیلئے آپ کو دو سمندر عطا کئے گئے ایک دلائل کا سمندر اور دوسرے آسمانی نشانوں کا سمندر

پچھلے چودہ سو سال میں آپ کی صداقت کے نئے نئے دلائل نکلتے رہے اور قیامت تک نکلتے جائیں گے ان کا سلسلہ ختم نہیں ہوگا

خدا تعالیٰ سے زندہ تعلق پیدا کرنے کیلئے آپ کی اتباع ضروری ہے کوئی معمولی سے معمولی مقام بھی آپ کی سچی اتباع اور پیروی کے بغیر نہیں مل سکتا

سورۃ انعام کی تین آیات کی لطیف تفسیر اور قرآن کریم کی حقانیت اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کے بیس پہلو

از سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

فرمودہ ۲۰ شہادت ۱۳۵۸ھش مطابق ۲۰ اپریل ۱۹۷۹ء بمقام مسجد اقصیٰ ربوہ

(مرتبہ مکرم ملک یوسف سلیم صاحب شاہد ایم اے انچارج صیغہ زود نویسی ربوہ)

تشہد و تعوذ اور سورہ فاتحہ کے بعد حضور نے یہ آیات تلاوت فرمائیں:۔

قُلْ اِنِّیْ عَلٰی بَیِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّیْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ؕ مَا عِنْدِیْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ یَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَیْرُ الْفٰصِلِیْنَ ۝ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِیْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِیَ الْاَمْرُ بَیْنِیْ وَبَیْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِیْنَ ۝ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَاۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَیَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ۝ وَهُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّیْلِ وَیَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ یَبْعَثُكُمْ فِیْهِ لِیُقْضٰۤى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَیْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ یُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَیُرْسِلُ عَلَیْكُمْ حَفَظَةً ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا یُفَرِّطُوْنَ ۝ ثُمَّ رُدُّوْۤا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ ۟ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِیْنَ ۝ قُلْ مَنْ یُّنَجِّیْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِیْنَ ۝ قُلِ اللّٰهُ یُنَجِّیْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰۤى اَنْ یَّبْعَثَ عَلَیْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ یَلْبِسَكُمْ شِیَعًا وَّیُذِیْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ؕ اُنْظُرْ كَیْفَ نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ لَعَلَّهُمْ یَفْقَهُوْنَ ۝ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ؕ قُلْ لَّسْتُ عَلَیْكُمْ بِوَكِیْلٍ ۝ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۚ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ وَاِذَا رَاَیْتَ الَّذِیْنَ یَخُوْضُوْنَ فِیْۤ اٰیٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى یَخُوْضُوْا فِیْ حَدِیْثٍ غَیْرِهٖ ؕ وَاِمَّا یُنْسِیَنَّكَ الشَّیْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝ وَمَا عَلَى الَّذِیْنَ یَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ یَتَّقُوْنَ ۝ وَذَرِ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا دِیْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا ۚ وَذَكِّرْ بِهٖۤ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۖ لَیْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِیٌّ وَّلَا شَفِیْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا یُؤْخَذْ مِنْهَا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِیْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِیْمٌ بِمَا كَانُوْا یَكْفُرُوْنَ ۝ قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَنْفَعُنَا وَلَا یَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰۤى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِی اسْتَهْوَتْهُ الشَّیٰطِیْنُ فِی الْاَرْضِ حَیْرَانَ لَهٗۤ اَصْحٰبٌ یَّدْعُوْنَهٗۤ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ وَاَنْ اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ؕ وَهُوَ الَّذِیْۤ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ وَیَوْمَ یَقُوْلُ كُنْ فَیَكُوْنُ ۚ قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ وَلَهُ الْمُلْكُ یَوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ ؕ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِیْمُ الْخَبِیْرُ ۝ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ لِاَبِیْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّیْۤ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۝ وَكَذٰلِكَ نُرِیْۤ اِبْرٰهِیْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِیَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِیْنَ ۝ فَلَمَّا جَنَّ عَلَیْهِ الَّیْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّیْ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَ قَالَ لَاۤ اُحِبُّ الْاٰفِلِیْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّیْ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَّمْ یَهْدِنِیْ رَبِّیْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّیْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّیْ هٰذَاۤ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَتْ قَالَ یٰقَوْمِ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَاۤ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ۝ وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ؕ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّیْ فِی اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ؕ وَلَاۤ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ رَبِّیْ شَیْـًٔا ؕ وَسِعَ رَبِّیْ كُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝ وَكَیْفَ اَخَافُ مَاۤ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِهٖ عَلَیْكُمْ سُلْطٰنًا ؕ فَاَیُّ الْفَرِیْقَیْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ یَلْبِسُوْۤا اِیْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝ وَتِلْكَ حُجَّتُنَاۤ اٰتَیْنٰهَاۤ اِبْرٰهِیْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِیْمٌ عَلِیْمٌ ۝ وَوَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَیْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَیْنَا مِنْ قَبْلُ ۚ وَمِنْ ذُرِّیَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَیْمٰنَ وَاَیُّوْبَ وَیُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ۝ وَزَكَرِیَّا وَیَحْیٰى وَعِیْسٰى وَاِلْیَاسَ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ۝ وَاِسْمٰعِیْلَ وَالْیَسَعَ وَیُوْنُسَ وَلُوْطًا ؕ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِیْنَ ۝ وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ وَذُرِّیّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَیْنٰهُمْ وَهَدَیْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ یَهْدِیْ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ یَّكْفُرْ بِهَا هٰۤؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّیْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِیْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ قُلْ لَّاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِیْنَ ۝ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖۤ اِذْ قَالُوْا مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَیْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِیْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِیْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِیْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْۤا اَنْتُمْ وَلَاۤ اٰبَآؤُكُمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِیْ خَوْضِهِمْ یَلْعَبُوْنَ ۝ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ یُحَافِظُوْنَ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِیَ اِلَیَّ وَلَمْ یُوْحَ اِلَیْهِ شَیْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ تَرٰۤى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْۤا اَیْدِیْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ اَلْیَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰیٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِیْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِیْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ؕ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَیْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ؕ یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَیِّتِ مِنَ الْحَیِّ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝ فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّیْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝ وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِیْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِیْۤ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّفْقَهُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَیْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِیَةٌ ۚ وَجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّیْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَیْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ اُنْظُرُوْۤا اِلٰى ثَمَرِهٖۤ اِذَاۤ اَثْمَرَ وَیَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكُمْ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِیْنَ وَبَنٰتٍۢ بِغَیْرِ عِلْمٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا یَصِفُوْنَ ۝ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَنّٰى یَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَخَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۝ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ وَّكِیْلٌ ۝ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۫ وَهُوَ یُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ۝ قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِیَ فَعَلَیْهَا ؕ وَمَاۤ اَنَا عَلَیْكُمْ بِحَفِیْظٍ ۝ وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ وَلِیَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَلِنُبَیِّنَهٗ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ۝ اِتَّبِعْ مَاۤ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِیْنَ ۝ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَاۤ اَشْرَكُوْا ؕ وَمَا جَعَلْنٰكَ عَلَیْهِمْ حَفِیْظًا ۚ وَمَاۤ اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِوَكِیْلٍ ۝ وَلَا تَسُبُّوا الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَیَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَیْرِ عِلْمٍ ؕ كَذٰلِكَ زَیَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۪ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَیُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَیْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰیَةٌ لَّیُؤْمِنُنَّ بِهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰیٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا یُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَاۤ اِذَا جَآءَتْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۝

اور پھر فرمایا:۔

یہ تینوں آیات جو ابھی میں نے تلاوت کی ہیں سورۃ انعام کی ہیں۔ سورۃ انعام کی آیت ۵۸ اور آیت ۱۰۵ اور آیت ۱۱۰۔

یہ ایک لمبا مضمون ہے جو یہاں بیان ہوا ہے اس میں سے میں نے یہ تین آیات چنی ہیں اس کا یعنی اس

پبلشر: مسعود احمد پونڈ۔ سید عبد الحی مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقام اشاعت: دفتر الفضل دار الرحمت غربی ربوہ

مضمون کا ایک حصہ

میں بیان کرنا چاہتا ہوں۔

پہلی آیت ۵۸ کا ترجمہ یہ ہے:۔

"کہہ دے اے مجھے اپنی رسالت کی سچائی پر کھلی کھلی دلیل اپنے رب کی طرف سے ملی ہے۔ میں بے ثبوت نہیں آیا میں ثبوت لے کر اپنے رب کی طرف سے آیا ہوں اور تم پھر بھی تکذیب کر رہے ہو جس عذاب کو تم جلدی مانگتے ہو وہ میرے اختیار میں نہیں۔ حکم صادر کرنا خدا تعالیٰ ہی کا منصب ہے۔ وہی حق کو کھولے گا اور خیر الفٰصلین ہے وہ اور ہمارے درمیان بہترین فیصلہ کرے گا۔"

Digitized by Khilafat Library Rabwah

انعام کی آیت ۱۰۵ کا ترجمہ یہ ہے:۔

"خدا نے میری رسالت کی صداقت پر روشن نشان تمہیں دیئے ہیں، تمہاری آنکھیں ان بصائر کو دیکھ کر کھل جانی چاہئیں تھیں مگر یہ نہیں ہوا بلکہ ایک گروہ وہ ہے جس نے شناخت کیا اور ایک وہ ہے جس نے شناخت کرنے سے انکار کیا۔ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ پس جو اُن کو شناخت کرے اُس نے اپنے ہی نفس کو فائدہ پہنچایا اور جو اندھا ہو جائے اور روشن دلائل کو نہ دیکھے اُس کا وبال بھی اُسی پر ہے۔ میں تو تم پر نگہبان اور محافظ نہیں۔"

انعام کی آیت ۱۱۰ کا ترجمہ یہ ہے:۔

"یہ لوگ سارے نشانات کو دیکھنے اور اُن کی تکذیب کرنے اور اُن کو جھٹلا دینے کے بعد بھی سخت قسمیں کھاتے ہیں اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ کہ اگر کوئی نشان دیکھیں تو ضرور ایمان لے آئیں گے۔ کہہ دو نشان تو اللہ کے پاس ہیں۔ جس نشان کو چاہتا ہے اُسی نشان کو ظاہر کرتا ہے۔ اقتراح کے نشان کو اللہ تعالیٰ نے منع کیا ہے یعنی یہ کہنا کہ یہ فلاں نشان ہمیں دکھایا جائے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق ہی دوسری جگہ آیا ہے کہ کافروں نے کہا ہمیں یہ نشان دکھاؤ۔ یہ نشان دکھاؤ۔ یہ نشان دکھاؤ تو اُن کو یہی جواب دیا گیا کہ

نشان دکھانا اللہ کا کام ہے

رسول کا کام نہیں۔

نشان کے دیکھنے میں اپنی مرضی نہیں چلے گی خدا کی مرضی چلے گی جو نشان وہ چاہے گا وہ دکھلائے گا جو نشان وہ نہیں چاہے گا وہ نہیں دکھلائے گا۔"

ان آیات پر غور کرنے سے بہت سی چیزیں سامنے آتی ہیں، میں نے بیس باتیں نوٹ کی ہیں جو ہمارے سامنے آتی ہیں۔

ایک تو یہ اعلان کیا کہ مجھے میرے رب نے بھیجا ہے۔ خدا تعالیٰ جس نے میری ربوبیت کی اس کی طرف سے میں مبعوث ہو کر آیا ہوں۔ یہاں یہ نہیں کہا کہ قُلْ اِنِّیْ عَلٰی بَیِّنَةٍ مِّنَ اللّٰهِ۔ کہا یہ ہے کہ قُلْ اِنِّیْ عَلٰی بَیِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّیْ۔ اس میں یہ بتانا مقصود ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان میں سے ایک وجود کو منتخب کیا اور اس قدر عظیم صلاحیتیں اور استعدادیں اُسے عطا کیں کہ جس قدر عظیم صلاحیتیں اور استعدادیں کسی اور کو عطا نہیں ہوئی تھیں اور افضل الرسل اور خاتم الانبیاء کی حیثیت میں اُسے بھیجا تو ربوبیت کرنے والے رب کی طرف اپنی رسالت کو یہاں منسوب کیا ہے جو اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ہے تاکہ اس چیز کو نمایاں کیا جائے کہ

عظمت والا ایک رسول

ہوں اور عظمت والے وہ نشان ہیں جو خدا تعالیٰ نے میری صداقت پر قائم کئے ہیں۔ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ اور اس کے باوجود تم ہو کہ تم انکار کر رہے ہو۔

پہلی بات یہ کہ مجھے میرے رب نے بھیجا دوسری بات ہمیں یہ پتہ لگتی ہے کہ میرے رب نے ثبوت دے کر بھیجا بے ثبوت نہیں بھیجا۔ اور یہ ثبوت جو ہے آپ کی صداقت کا، یہ ایک دو دلائل یا چند ایک نشانوں پر مشتمل نہیں بلکہ دلائل کے لحاظ سے اس قدر زبردست دلائل کہ نہ صرف اُن انسانوں کی ذہنی تسلی کے لئے کافی تھے جنہوں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا بلکہ بعد میں آنے والے جو بدلے ہوئے حالات میں، بدلے ہوئے دماغ اور ذہن رکھنے والے تھے، اُن کو بھی CONVINCE (کنونس) کرنے، باور کروانے کی طاقت رکھنے والے دلائل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کے ہمیں قرآن عظیم میں ملتے ہیں۔

تو دوسری حکمت صفتِ رب کے استعمال کی ہمیں یہاں یہ نظر آتی ہے کہ مجھے ربوبیتِ عالمین کے لئے بھیجا ہے اس لئے قیامت تک کی ضرورتوں کو پورا کرنے کا سامان اُس تعلیم میں رکھ دیا گیا ہے جو قرآن عظیم کے ذریعہ مجھے دی گئی اور جس کو قیامت تک کے انسانوں تک پہنچانا میرا اور میرے ماننے والوں کا کام ہے۔

تیسری بات ہمیں یہ نظر آتی ہے کہ ان کھلے دلائل کے باوجود تم میری تکذیب کر رہے ہو۔ تمہاری اپنی بھلائی کے لئے، تمہاری اپنی رفعتوں کے لئے، تمہاری عزتوں کے قیام کے لئے، خدا تعالیٰ کے پیار کے حصول کے لئے ایک زندہ خدا سے زندہ تعلق قائم کرنے کے لئے یہ تعلیم آئی۔ تمہاری بھلائی (دُنیوی بھلائی اور اُخروی بھلائی) کے سامان بھی اس میں تھے۔ اتنی عظیم تعلیم، اتنی حسین تعلیم، اتنی مفید تعلیم تمہیں زمین سے اُٹھا کر اس قدر

رفعتوں تک پہنچانے والی تعلیم

تمہارے پاس آئی، لیکن تم ہو کہ پھر تم تکذیب کر رہے ہو۔

چوتھی بات ہمیں ان آیات میں یہ نظر آتی ہے کہ یہ تعلیم جو ہے اس میں بشارات بھی ہیں اور انذاری پیشگوئیاں بھی ہیں۔ تو عجیب ہو تم (منکر اور کافر) کہ جو عظیم بشارتیں یہ تعلیم لے کر آئی اُن کی طرف تم توجہ نہیں دیتے اور ایک ہی رٹ لگائی ہوئی ہے۔ کہتے ہو کہ خدا تعالیٰ وہ وعدہ جو ہمارے کفر اور انکار پر ہمیں عذاب دینے کا ہے وہ وعدہ کیوں نہیں پورا کرتا۔ ہم پر عذاب کیوں نہیں آتا۔ تم یہ نہیں کہتے کہ خدا تعالیٰ نے پیار کے جو وعدے ہم سے کئے، ہمیں زمین سے اُٹھا کر آسمانوں کی رفعتوں تک پہنچانے کے جو وعدے کئے وہ ہماری زندگیوں میں پورے ہوں اور ہم اس دُنیا کی جنتوں سے بھی حصہ لیں اور اُخروی زندگی کی جنتیں بھی ہماری قسمت میں لکھی جائیں۔ بشارتوں کی طرف تم توجہ نہیں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کرتے اور اتنی عظیم تعلیم اِس قدر وسیع اور اِس قدر ارفع اور اِس قدر عظیم بشارتوں کو چھوڑ کے تم کہتے ہو (مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ) کہ ہم پر جلد تر عذاب کیوں نہیں آتا۔ ہم نے انکار کیا تمہارا تو خدا ہمیں پکڑتا کیوں نہیں، ہمیں ہلاک کیوں نہیں کرتا۔ تم بشارتوں کی طرف توجہ نہیں کرتے اور خدا کی گرفت اور اس کی قہری تجلی کے متعلق مطالبہ کرتے ہو کہ وہ قہری تجلی جلد تم پر نازل ہو اور تمہیں جلا کر رکھ دے۔

پانچویں بات ہمیں یہ نظر آتی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہیں عذاب دینا یا ڈھیل دینا یہ میرے اختیار میں نہیں۔ میں رسول ہوں۔ میں پیغامبر ہوں۔ دوسری جگہ فرمایا کہ ہمارے رسول پر البلاغ کے سوا اور کچھ نہیں۔ پہنچا دینا اس کا کام ہے۔ آپ کہتے ہیں میرا کام ہے پہنچا دینا، میں پہنچا دوں گا، میرا کام ختم ہو جائے گا تم عذاب مانگتے ہو۔ عذاب دینا میرا اختیار نہیں۔ تم کہو کہ ساری بشارتیں تمہارے حق میں پوری ہو جائیں خواہ تم

اعمالِ صالحہ بجا لاؤ

یا نہ بجا لاؤ۔ اپنے ربِّ کریم کو خوش کرنے میں کامیاب ہو یا نہ ہو، یہ بھی میرے اختیار میں نہیں۔ تمہیں عذاب دینا یا ڈھیل دینا میرا کام نہیں۔ تم اپنی گمراہیوں میں بڑھتے چلے جاؤ اور خدا اپنی نرمی کے جلوے تم پر ظاہر کرتا چلا جائے، یہ اُس کی مرضی ہے تم جانو اور تمہارا خدا۔ میرے اختیار میں نہیں ہے یہ۔ ان معاملات میں حکم صادر کرنا اُس بالا ہستی کا کام ہے "اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ" حکم اسی کا چلتا ہے، جو صاحبِ حکم بھی ہے اور صاحبِ حکمت بھی ہے۔ اُس کے سارے کام حکمت سے ہیں حکمت سے خالی نہیں ہوتے۔ اگر وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے ابتدائی دور میں اپنی گرفت میں جلدی کرتا تو عکرمہؓ اور اُن کے ایک سو چالیس کے قریب ساتھی جنہوں نے بعد میں توبہ کی اور اسلام میں داخل ہوئے اور جنگِ یرموک کے موقع پر (جب انہیں اُن کے دوست خالدؓ بن ولید نے اس طرف توجہ دلائی کہ تم بڑے گناہگار ہو تم نے خدا کے رسولؐ کے خلاف کارروائیاں کیں، اُن کو ایذا پہنچایا، مسلمانوں کے قتل کے منصوبے بنائے، مسلمانوں کو دکھ دیئے بہتوں کو شہید کیا۔ ایسے داغ تمہارے چہرہ پر لگے ہوئے ہیں کہ سوائے تمہارے خون کے کوئی اور چیز انہیں دھو نہیں سکتی اور آج موقع ہے آج دھو لو اپنے دھبے۔ چنانچہ تین لاکھ فوج پر ان کم و بیش ایک سو چالیس

مکہ کے رؤساء

کے بچوں نے حملہ کر دیا اور ان میں سے ہر ایک نے میدانِ جنگ میں جامِ شہادت پیا اور اس طرح پر اپنے چہروں سے نہایت بھیانک دھبے دھونے میں کامیاب ہو گئے) تو اللہ تعالیٰ اگر اُن کو ڈھیل نہ دیتا تو توبہ اور رجوع الی اللہ کا یہ نظارہ تو دنیا نہ دیکھتی۔ مکہ زندگی کے تیرہ سال محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اتنی اذیتیں دی گئیں، دکھ پہنچائے گئے لیکن خدا تعالیٰ نے نرمی کا سلوک کیا اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی یہی خدا سے چاہا کہ وہ نرمی کا سلوک کرے جیسا کہ طائف کے واقعہ میں آتا ہے کہ اے خدا یہ پہچانتے نہیں مجھے، ان کے ساتھ ڈھیل کا معاملہ کر۔ بہرحال وہ پکڑتا بھی ہے جب چاہے۔ اُس کی گرفت بھی بڑی سخت ہے۔ اس کی قہری تجلی کا تصور بھی انسان کے رونگٹے کھڑے کر دیتا ہے لیکن وہ ڈھیل بھی دیتا ہے۔ وہ بڑا رحم کرنے والا بھی ہے۔ وہ موقع دیتا ہے کہ انسان اپنی اصلاح کرے۔

تو ہمیں چھٹی بات یہاں یہ نظر آتی ہے کہ تمہیں عذاب دینا یا ڈھیل دینا میرے اختیار میں نہیں، یہ اللہ کا کام ہے۔ وہ صاحبِ حکم ہے (اَلْحُكْمُ لِلّٰهِ)، صاحبِ اختیار ہے، مالک ہے، کوئی دنیا کی طاقت نہیں جو اس کو اس کی مرضی کرنے سے روک سکے اور صاحبِ حکمت ہے اور حکم صادر کرنا اُسی کا منصب ہے جو اپنا حکم جاری بھی کر سکے اور حکمت سے کام لینے والا ہو۔

اور ساتویں چیز ہمیں اِن آیات سے یہ پتہ لگتی ہے کہ تم جلدی کر رہے ہو شاید اِس خیال سے کہ کبھی حق و صداقت کو خدا تعالیٰ کھولے گا نہیں۔ لیکن ایک وقت آئے گا کہ وہ خود یَقُصُّ الْحَقَّ، حق اور صداقت کو کھولے گا لیکن اپنے وقت پر کھولے گا۔ نہ میرے کہنے سے کھولے گا نہ تمہارے واویلا کرنے سے کھولے گا۔ وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ۔

آٹھویں بات یہ کہ وہ

حق و حکمت کا سرچشمہ

ہے۔ وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے اور اِس لئے وہ ہمارے درمیان بہترین فیصلہ کرے گا جیسا کہ بہترین فیصلہ اُس نے کیا پہلے دن سے لے کر آج کے دن تک اور آج کے دن سے لے کر قیامت تک کرتا چلا جائے گا۔ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ۔ اِس میں ہمیں بتایا گیا کہ کسی بھی نسلِ انسانی کو خدا تعالیٰ سے اس قسم کے مطالبے نہیں کرنے چاہئیں اور لرزاں ترساں اپنی زندگی کے دن گزارنے چاہئیں۔ خدا تعالیٰ جب چاہے گا جو چاہے گا جس رنگ میں چاہے گا اپنے حکم کو جاری کرے گا اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے مخالفین کے درمیان وہ جب فیصلہ کرے گا تو اس کا جو فیصلہ ہو گا وہ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ کا فیصلہ ہو گا۔ وہ بہترین فیصلہ ہو گا۔ وہ نوعِ انسانی کی بھلائی کا فیصلہ ہو گا۔ وہ ایک ایسی ہستی کا فیصلہ نہیں ہو گا جو اپنے علم میں کمزور جو اپنی طاقت میں کمزور جو اپنی حکمت میں کمزور جو اپنی رحمت میں کمزور بلکہ اس عزّ و جلّ کا ہو گا جو رَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ کہنے والا ہے جس نے خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ اپنے متعلق کہا۔ وہ اس کا ہو گا جس نے کہا کہ

مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ

کہ اصل غرض تمہاری پیدائش کی یہ ہے کہ تم میرے بندے بنو میرے ساتھ زندہ تعلق قائم کرو۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نویں بات (دوسری آیت سے) ہمیں یہ پتہ لگتی ہے کہ خدا جانے تمہیں کیا ہو گیا ہے۔ بصائر آچکے۔

آنکھیں کھولنے والے روشن نشان

ظاہر ہوئے اور تمہیں نظر نہیں آرہے۔

دسویں بات ہمیں یہ پتہ لگتی ہے کہ ان روشن نشانوں کو شناخت کرنے میں تمہارا اپنا فائدہ ہے کسی اور کا فائدہ نہیں۔ اور اگر تم آنکھیں رکھتے ہوئے اندھے ہو جاؤ تو جو اندھا ہو گا وہ خود اپنا نقصان کرے گا کسی اور کا نقصان نہیں کرے گا۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت سے انکار پہلی نسل سے لے کر قیامت تک کی انسانی نسلوں تک جو ہے اس کا نقصان منکرین کو پہنچے گا۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو، آپؐ کی تعلیم کو، آپؐ کی بشارتوں کو، آپؐ کے ماننے والوں کو، خدا تعالیٰ کی جو رحمتیں آپؐ کے ماننے والوں پر آپؐ کے طفیل نازل ہو رہی ہیں اُن کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ جو اندھا ہو گا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نشانات کو دیکھ نہیں سکے گا وہ اپنا نقصان کرے گا۔

ایک اور بات یہ کہ میں تم پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجا گیا، محافظ نہیں ہوں، رسول ہوں۔ ایک پیغام خدا نے میرے ذریعہ سے تم تک پہنچانا چاہا میں نے تمہیں پہنچا دیا۔ خدا تعالیٰ نے اُس تعلیم کے لئے دُنیا کے سامنے ایک بہترین نمونہ قائم کرنا چاہا اور خدا نے توفیق دی مجھے کہ میں تمہارے لئے اُسوۂ حسنہ بن جاؤں۔ ایک حسین تعلیم ایک حسین وجود میں عملی رنگ میں تمہیں نظر آتی ہے۔ نگہبان اور محافظ نہیں ہوں رسول ہوں اور اُسوہ ہوں۔ میری تعلیم کو دیکھو۔ میرے اعمال کو دیکھو۔ میری اس تعلیم کے نتیجہ میں انسان کو جو خدا تعالیٰ کے نعماء ملتے ہیں اُن کو دیکھو۔ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ۔ میرے اُسوہ پر چل کر خدا تعالیٰ کا جو پیار تمہیں حاصل ہوتا ہے، اسے دیکھو۔ ان چیزوں کو دیکھو اور اپنے

خدائے واحد و یگانہ

جو بڑا رحم کرنے والا اور ربّ کریم ہے کی طرف واپس لوٹ کے آؤ۔ دُوری کی راہوں کو اختیار نہ کرو۔

ایک اور بات ہمیں یہ نظر آتی ہے کہ ظاہر ہونے والے بیّنہ اور بصائر ہزاروں نشان دیکھتے اور اُن کو جھٹلاتے ہیں اور ہزاروں نشانوں کو جھٹلانے کے بعد پھر قسمیں بھی کھاتے ہیں کہ اگر کوئی نشان آجائے تو ہم مان لیں گے۔ مگر نشان ہماری مرضی کا ہو۔

ایک دفعہ ایک گاؤں میں ایک اَن پڑھ سا دیہاتی تھا اُس نے میرے ساتھ خود ہی باتیں شروع کر دیں۔ وہ مجھے کہنے لگا کہ ہم تو احمدیت کی صداقت پر (یہ حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کی زندگی کی بات ہے) تب ایمان لائیں گے کہ آپ کے حضرت صاحب ہمارے یہاں آئیں اور ہمارے مینار کے اُوپر آم کی گٹھلی لگائیں اور وہ اُسی وقت ایک پیڑ بن جائے اور اُسے بُور آئے اور اُسی وقت چند منٹوں کے اندر اُسے پھل لگ جائے اور پھر ہم وہ پھل کھائیں۔ یہ نشان دیکھیں تو ہم احمدیت کو قبول کرلیں گے۔ میں نے اُسے کہا کہ اگر تم لوگوں کو آم کھانے کا اتنا ہی شوق ہے تو آم کے موسم میں میرے پاس آجانا میں تمہیں اتنے آم کھلاؤں گا کہ تمہارے نتھنوں سے آم کا رس ٹپکنے لگ جائے لیکن مجھے یہ بتاؤ کہ ہمیں احمدیوں کو اِس بات کی فکر ہے، ہم اِس فکر میں اپنے رات دن گزار رہے ہیں کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شجرۂ طیّبہ میں پھل لگیں اور وہ انسان جو آپؐ سے دُور ہے وہ اس درخت کے نیچے آجائے، اور تمہیں

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے درخت

اور اُس درخت کے جو فائدے ہیں اُن کی فکر نہیں، اپنے آم کھانے کی فکر پڑی ہوئی ہے۔ ایسے نشانوں کو جیسا اُس دیہاتی نے مانگا اقتراحی نشان کہا جاتا ہے۔

پس ہمیں ایک بات اِن آیات میں یہ نظر آتی ہے کہ ہمیں بتایا گیا کہ ہزار ہا ہزار ہا ہزار ہا نہیں میں کہوں گا کہ لکھو کھا نشان محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کے اور آپؐ کی عظمت کے دکھائے گئے جو انہوں نے دیکھے اور دیکھے بھی اور جھٹلایا بھی اور پھر قسمیں بھی کھاتے ہیں کہ ہماری مرضی کا کوئی ایک نشان آجائے تو ہم مان جائیں گے۔

ایک اور بات ہمیں یہ کہا گیا کہ یہ لوگ خدا پر حکومت کرنا چاہتے ہیں۔ اپنی مرضی منوانا چاہتے ہیں۔ خدا پر تو کوئی شخص اپنی مرضی ٹھونس نہیں سکتا۔ اور اگر یہ لوگ یہ کوشش کرنا چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی حکومت میں دخل اندازی کریں اور اُس کی حکمت میں اپنی آراء کے مطابق ہیر پھیر کریں تو یہ تو نہیں ہو گا ہو گا وہی جو خدا چاہے گا اور ہو گا اُسی وقت جب خدا چاہے گا۔ کسی کے کہنے پر خدا کوئی نشان کسی مقام پر کسی زمانے میں نہیں دکھایا کرتا لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ خدا نے اپنی مرضی سے اپنی حکمتِ کاملہ سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے پچھلے چودہ سَو سال میں نشان نہیں دکھائے یا محدود نشان دکھائے۔ وہ جو رحمۃً للعالمین بنا کر بھیجا گیا تھا دُنیا کی طرف، اس کی

صداقت کے نشان

ایسے ہونے چاہئیں جو ہر نسل کے لئے زندہ نشان کے طور پر انسان کے ہاتھ میں ہوں۔ قصّے اور کہانیاں تو بہت لوگوں نے بنائیں اُن کا کوئی اثر نہیں ہوتا نہ دل نہ دماغ نہ رُوح پر، نہ اس کے نتیجہ میں کسی نے خدا تعالیٰ کے پیار کو حاصل کیا لیکن محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک زندہ نبی ہیں اور زندہ خدا کی معرفت کی راہیں آپؐ نے ہم پر کھولیں اور ہمارا ایک زندہ تعلق اپنے زندہ خدا سے ان راہوں کے نتیجہ میں پیدا ہوا اور زندہ تعلق خدا سے پیدا ہونے کے بعد دلائل کے میدان میں بھی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کے نئے سے نئے دلائل نکلتے چلے آئے پچھلے چودہ سَو سال میں۔ اور نکلتے چلے جائیں گے قیامت تک آسمانی نشان۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے پیار کرنیوالا شخص ایک گاؤں میں بیٹھا ہوا تھا خدا کا پیارا مطہّر۔ (لَا یَمَسُّہٗ اِلَّا الْمُطَھَّرُوْنَ) اس کے ذریعے اُس گاؤں کو خدا تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت ثابت کرنے کے لئے آسمانی نشان دکھائے۔ وہ جو حبشی کہلاتے ہیں جن کو دُنیا صدیوں تحقیر کی نظر سے دیکھتی رہی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اتنے عظیم انسان پیدا ہوئے ہیں ان لوگوں میں جن میں سے ایک

عثمان بن فودی رح

ہیں۔ وہ اس قدر خدا کو پیارے تھے کہ جب اُن کو خدا نے کہا کھڑے ہو اور اسلام کے اندر جو بدعات شامل ہو گئی ہیں ان بدعات کو نکال دو اسلام سے اور ایک خالص اور صاف اسلام کو قائم کر دو اپنے علاقہ میں۔ تو اس وقت کے لوگوں نے تلوار نکال لی کہ تیری گردن اڑا دیں گے تو مرتد واجب القتل ہے۔ چھوٹی سی جماعت اُن کے پاس تھی۔ اُن کو خدا نے کہا جب تلوار سے تیری گردن اڑانا چاہتے ہیں تو تلوار سے ہی اپنی حفاظت کر۔ اُن کو مسلمانوں کے خلاف جنگ کرنے کی خدا نے اجازت دی۔ اور کئی سو میل کے فاصلہ پر بعض دفعہ ایک جنگ ہوئی اُن کے متبعین کی، منکرین کے ساتھ اور شام کو وہ جنگ ختم ہوئی اور مغرب کی نماز میں انہوں نے اپنے ساتھیوں کو کہا کہ اس جنگ کا فیصلہ ہوا ہے ہمارے حق میں۔ وہ خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشق تھے اللہ کا پیار انہیں حاصل تھا خدا تعالیٰ ان کو اطلاع دیتا تھا مگر یہ پیار ان کی کسی ذاتی خوبی کے نتیجہ میں نہیں تھا یہ ہر احمدی کو اچھی طرح یاد رکھنا چاہیئے۔ اس قسم کا ہر پیار اس پیار کے نتیجہ میں ہے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہمارے رب کریم کو ہے۔ امت محمدیہ میں الہام اور وحی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت ثابت کرنے والی ہے حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے لکھا ہے کہ بلند درجہ تو علیحدہ رہا

معمولی سے معمولی روحانی مقام

بھی کوئی شخص محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلے پر کھڑا ہو کر حاصل نہیں کر سکتا۔ اس کے لئے تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ کی اتباع کرنی پڑے گی اور اس کے نتیجہ میں خدا تعالیٰ کا پیار حاصل ہو گا۔ تاکہ یہ ایک نشان ہو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے برحق ہونے پر۔

پس ایک اور بات ہمیں یہ معلوم ہوتی ہے کہ اقتراحی نشان خدا تعالیٰ نہیں دکھاتا۔

ایک اور بات یہ کہ مرضی خدا ہی کی چلے گی۔ جس نشان کو چاہے گا ظاہر کرے گا جس نشان کو چاہے گا ظاہر نہیں کرے گا۔

ایک اور بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ خدا تعالیٰ کی طرف سے جہاں بشارتیں ہیں وہاں انذاری پیشگوئیاں بھی ہیں۔ گرفت کی پیشگوئی بھی ہے۔ وہاں عذاب کی پیشگوئی بھی ہے یہ جلدی کر رہے ہیں کہ جلدی آ جائے عذاب۔ عذاب تو آئے گا مگر جب عذاب آئے گا تو ان کے کہنے کی وجہ سے نہیں آئے گا بلکہ خدا تعالیٰ کے بتائے ہوئے انذار کی وجہ سے آئے گا۔ جب عذاب آیا ایک رنگ میں اُن کا اپنا مطالبہ بھی پورا ہو گیا کہ یہ کہہ رہے ہیں جلدی آ جائے۔ جلدی نہیں آئے گا لیکن عذاب آئے گا ضرور۔ اگر یہ اصلاح نہیں کریں گے۔ ہر انذاری پیشگوئی مشروط ہے یعنی اگر جس کے متعلق وہ انذار ہے وہ اپنی اصلاح کر لیں تو خدا تعالیٰ معاف کر دیتا ہے۔ اسلام کی یہ تعلیم ہے لیکن اگر وہ اصلاح نہ کریں اور خدا کی گرفت میں آ جائیں تو عذاب تو آیا لیکن مطالبہ کرنے والے کا جو مطالبہ جلدی کا تھا اس وقت نہیں آیا لیکن آیا ضرور۔ اور جب آ گیا تو اس وقت اس کا بھی انکار کر جائیں گے۔ عذاب دیکھیں گے پھر بھی انکار کر جائیں گے آخر جیسا کہ میں نے بتایا ساری دنیا نے اُن انذاری پیشگوئیوں کے جلوے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کے لئے قرآن کریم نے بیان کی ہیں۔ دیکھے۔ مغرب نے بھی دیکھے مشرق نے بھی دیکھے۔ شمال نے بھی جنوب نے بھی دیکھے۔ اور جو عذاب میں ہلاک ہو گئے اُن کے تو ایمان لانے کا سوال نہیں۔ جو بچ گئے اُن میں سے بھی بہت سارے نے پھر بھی انکار کر دیا۔ اسی واسطے خدا نے کہا کہ تمہیں پتہ لگ جائے گا کہ جس چیز (عذاب) کو یہ مانگ رہے ہیں، جب خدا چاہے گا عذاب آئے گا لیکن عذاب آنے کے باوجود بھی وہ انکار کریں گے ایمان نہیں لائیں گے اور بشارتیں جو دی گئی ہیں مومنوں کے لئے ان میں حصہ دار نہیں بنیں گے۔

اور آخری چیز جو اصل ہے وہ یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا دعویٰ ہے کہ میں ساری دنیا کے لئے اور قیامت تک کے لئے افضل الرسل۔ خاتم الانبیاء کی حیثیت میں مبعوث کیا گیا ہوں۔ ساری دنیا میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کے نشان آنے چاہئیں۔ صداقت کے نشان جو ہیں وہ دلائل کی شکل میں اور آسمانی نشانات اور معجزات کی شکل میں ہیں۔ قرآن کریم نے دلائل کا جو حصہ تھا اس کے متعلق تو کہا کہ ہم تفصیل سے کھول کھول کر بیان کرتے ہیں اور اس کے متعلق یہ کہا کہ قرآن عظیم اپنے دلائل کے لحاظ سے ایک پہلو سے کتاب مبین اور دوسرے پہلو سے کتاب مکنون ہے۔ چھپی ہوئی کتاب ہے جس کا مطلب یہ تھا کہ ہر نئے زمانہ میں (لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ) خدا تعالیٰ کے مطہر بندے پیدا ہوں گے جو خدا تعالیٰ سے قرآنی علوم و اسرار سیکھ کر اپنے

زمانہ کے مسائل کو حل کریں گے

اور اس طرح پر عظیم دلیل پیدا کریں گے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت پر اگر ایسا نہ ہو، اگر اسلامی تعلیم آج کا مسئلہ حل نہ کرے تو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ دعویٰ درست نہیں رہتا کہ قیامت تک کے لئے میں نبی ہوں۔ اگر آج کا انسان اپنے بعض مسائل میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے شاگرد بن کر دوزانو ہونے کی بجائے کسی اور کا محتاج ہے تو پھر تو اس کے لئے آپ رحمت نہ رہے اس مسئلے تک۔ اس واسطے تفصیل میں جائے بغیر میں آپ کو بتا دوں مجھے کئی دفعہ موقع ملا ہے یورپ میں جانے کا اور چوٹی کے دماغوں سے بات کرنے کا۔ میں اُن کو ہمیشہ ہی اس بات کے منوانے میں کامیاب ہوا ہوں کہ تم اندھیرے میں ہاتھ پاؤں مار رہے ہو۔ نہ تم اپنے مسائل کو سمجھتے ہو نہ اُن کا حل تمہیں معلوم ہے جو شخص مسئلہ ہی نہیں سمجھے گا حل کیسے اُس کو پتہ لگے گا۔ مثلاً میں نے ان کو کنونس (Convince) کیا۔ انہوں نے مانا کہ یہ بات درست ہے کہ بھارا مزدور اپنے حقوق کی حفاظت کے لئے سٹرائیک کرتا ہے لیکن اُس بیچارے کو یہ نہیں پتہ کہ میرا حق کیا ہے۔ تو اپنے جس حق کا اُسے علم ہی نہیں اس حق کے لئے وہ سٹرائیک کر رہا ہے؟ تو بڑا عظیم ہے یہ مذہب، یہ تعلیم۔ یہ قرآن جو ہے یہ واقع میں قرآن عظیم ہے۔ زمانہ بدل رہا ہے۔ انسانی زندگی حرکت میں ہے ایک جگہ کھڑی نہیں ہوتی۔ جو معاشرہ آج سے چار سو سال پہلے تھا اس میں بڑی تبدیلیاں آ گئیں۔ انقلابی تبدیلیاں آ گئیں عظیم انقلابات بپا ہو گئے۔ ورعی انقلاب صنعتی انقلاب۔ یہ انقلاب وہ انقلاب۔ پس بہت سی انقلابی تبدیلیاں ان کے اندر پیدا ہو گئیں اور انقلابی تبدیلیاں معاشرہ میں پیدا ہونے سے انقلابی مسائل پیدا ہو گئے اور دو صدیوں سے وہ مسائل حل کرنے کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں اور حل نہیں کر سکے۔ پھر بھی یہ دعویٰ کہ ہم تو بہت مہذب ہیں۔ ساری دنیا پر حکومت کرنے کا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہمیں حق ہے۔ میں نے کہا ابھی تک اپنے بھائی کو معاف کرنا تم نے نہیں سیکھا۔ جرمنی میں میں نے کہا تم دو عالمگیر جنگیں لڑ چکے ہو۔ جرمنی اور اس کے ساتھی ایک طرف تھے اور امریکہ اور روس اور ان کے ساتھی دوسری طرف۔ میں نے کہا جب جنگ ہوتی ہے تو ایک نے بہرحال ہارنا ہے اتفاق ہوا دونوں نے تم ہارے تمہیں معاف نہیں کیا انہوں نے اتنا ظلم کیا ان لوگوں نے کہ حد نہیں۔ تم اچھی طرح ان کو یاد دلا کر کن مسائل اور مشکلات میں سے گزر رہے ہیں۔ میں نے کہا کہ یہ تمہارے حل کرنے کا مسئلہ نہیں جس نے حل کرنا تھا وہ مسئلہ حل کر چکا۔ ایک ایسا پیدا کر دیا ہے محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تیرہ سال کی زندگی میں اور پھر آٹھ سال کے قریب کم و بیش مدنی زندگی میں بیس سال تک ہر قسم کا دکھ اور تکلیف ان کو دی گئی۔ عورتوں کو نہایت بہیمانہ طور پر قتل کیا گیا۔ مردوں پر مظالم ڈھائے گئے اور بھوکا مارنے کی کوشش کی گئی۔ کوئی ایسی ایذا نہیں تھی جو پہنچانے کی کوشش نہیں کی گئی اور جب خدا تعالیٰ نے اپنی قدرت کا ہاتھ سے حالات بدل دیئے اور

دس ہزار قدوسیوں کے ساتھ

آپ مکہ کے باہر آئے تھوڑے اس وقت رحمت کہ جو سارا عرصہ دکھ دینے میں اپنی زندگی گزار چکے تھے ان کو یہ نظر آ گیا تھا کہ حالات بدل گئے ہیں اس وقت ہم اگر میان میں سے تلوار نکالیں گے حماقت کریں گے انہوں نے تلواریں اپنی میانوں میں سے نہیں نکالیں۔ اتنے حالات بدل چکے تھے اس وقت ان کو یہ پتہ تھا کہ یہ شخص محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس پوزیشن میں ہے اتنی طاقت ہے اس کی کہ جو چاہے ہمارے ساتھ سلوک کرے اور سلوک کیا کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دکھ دینے والوں سے۔ جنہوں نے ایک سانس سکھ کا نہیں لینے دیا تھا۔ اس نے کہا جاؤ سب کو معاف کرتا ہوں لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ اور يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ۔ میں معاف ہی نہیں کرتا بلکہ تمہارے لئے دعا بھی کروں گا کہ خدا بھی تمہیں معاف کر دے۔ میں نے کیا وہ نمونہ ہے تمہارے سامنے تم لڑتے ہو اور معاف نہیں کرتے۔ ایک دوسرے کی عزت نہیں کرتے اسلام نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا دیکھا۔ اگر کوئی بڑوں کی عزت نہیں کرے گا تو وہ میرے اسوہ پر نہیں عمل کر رہا۔ اگر کوئی

چھوٹوں سے شفقت کا سلوک

نہیں کرے گا تو وہ اسلامی تعلیم پر عمل نہیں کرتا۔ میں نے کہا ایک دن بیٹھے بیٹھے اطلاع آئی کہ جو وہ سپین کا پیر ایک بڑے ملک کے ایک چھوٹے سے ملک کے ایک جزیرے میں تم گئے اور وہاں قبضہ کر لیا۔ ایک گولی نہیں چلی۔ کوئی جنگ کا اعلان نہیں ہوا۔ کچھ نہیں اور وہاں جنگ کے سپین کا پیر آ گیا اور قبضہ کر لیا۔ دوسرے کی زمین پر۔ میں نے کہا یہ قوم ایک دوسرے کا احترام کرتے ہوئے اس کا نہ عزت کا۔ نہ کسی کے مال کا احترام کسی کا حق نہیں ہے کہ کسی کی چیز غصب کرے۔ تو اتنی عظیم تعلیم ہے اسلام کی اور جو آج کے مسائل ہیں وہ اسلام حل کرتا ہے لیکن خالی دلائل کافی نہیں (یہ آپ یاد رکھیں) آج کا دنیا میں اسلام کی شکست مذہب نہیں بلکہ دہریت ہے جنہوں نے خدا سے انکار کر دیا جنہوں نے کہا کہ ہم زمین سے کائنات اور آسمانوں سے اس کے وجود کو مٹا دیں گے اس دہریت کے سامنے جب آپ دلیل دیتے ہیں تو ان کا مادی دماغ دلیل سوچ کے تو پیچھے رہ جائے گا۔ انسان کو خدا نے ایسا بنایا ہے کہ محض دلیل سے کچھ وہ تسلی پا لیتا ہے آسمانی نشانوں کو دیکھ کر نہیں کر سکتا کوئی مادہ پرست نہیں کر سکتا۔

تو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت [illegible] ایک ایسا سمندر ہے جس کی انتہا ہی کوئی نہیں [illegible]

نشان اور صداقت ظاہر ہوتی ہے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تاکہ وہ مشن پورا ہو جس کیلئے آپ آئے اور وہ مشن یہ ہے کہ انسان اپنے پیدا کرنے والے رب کو پہچانے اور ہر قسم کے شرک سے پاک ہو اور خدائے واحد و یگانہ کی گود میں چلا جائے اور ہر قسم کا پیار اس سے حاصل کرنے لگ جائے۔ یہ مقصد ہے انسانی زندگی کا۔ اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تھے۔ اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے دو زبردست سمندر پیدا کئے

ایک دلائل کا سمندر ایک آسمانی نشانوں کا سمندر

اور امت محمدیہ میں دلائل بھی کسی انسان نے دینے ہیں؟ خدا تعالیٰ ہی متبعین کو دلائل سکھاتا ہے کوئی انسان بھی جب تک محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں فانی نہیں ہوتا خدا کے پیار کو حاصل نہیں کرتا اور نشان بھی انسان کے ذریعہ ہی دکھائے جاتے تھے انسان کی بجائے درختوں نے تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کے نشان نہیں دکھانے تھے۔ کسی انسان نے ہی دکھانے تھے۔ اتباع محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ میری بعثت سے پہلے کے دو صد سال اسلام کے انتہائی تنزل اور انحطاط کے سال تھے۔ لیکن یہ نہ سمجھنا کہ یہ زمانہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر کوئی اعتراض پیدا کرتا ہے۔ نہیں بلکہ اس زمانہ میں بھی خدا تعالیٰ کے پیار کو حاصل کرنے والے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر فدا ہونے والے ہمارے بزرگ تھے جنہیں مارتے دنیا کی طرح تھے۔ لاکھوں کی تعداد میں پائے جاتے تھے اس تنزل کے زمانہ میں بھی اور جو تنزل کا زمانہ نہیں تھا بلکہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور ترقیات کا زمانہ تھا اس کا تو کہنا ہی کیا۔ اب وہ زمانہ پھر آ گیا ہے اور مہدی کے زمانہ کے متعلق کہا گیا تھا کہ بچے بھی نبوت کریں گے۔ یعنی ان کو بھی سچی خوابیں آئیں گی۔ یہ نہیں کہ وہ نبی بن جائیں گے۔ یہ لغوی معنی میں ہے کہ آئندہ کی خبر دینے والے۔ [illegible] میں نے بہتوں کو تسلی دینا تھا کثرت سے احباب آتے تھے۔ ہمارا تو میرا یہی کام تھا۔ پیار کرنا تھا۔ تسلی دینا تھا بچے بھی آتے تھے۔ میں پوچھتا تھا تمہیں سچی خوابیں آئیں؟ کچے بچے کھڑے ہو جاتے تھے۔ ہر دو سرگروہ میں کہ جواب آئی اور اس کے مقابلے میں ایسے لوگ بھی آج ہیں جو کہتے ہیں کسی مسلمان کو سچی خواب نہیں آ سکتی۔ بندۂ خدا

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت

کو ثابت کرنے کے لئے خدا تعالیٰ نے نشانوں کا یہ جو دروازہ کھولا ہے یہ کبھی بھی بند نہیں ہو سکتا۔ کوئی اسے بند نہیں کر سکتا۔ قصے کہانیوں سے تو انسان تسلی نہیں پاتا تھا تو مبالغہ آمیز طریقے پر ہندوؤں نے اپنی کتابوں میں اپنے رشیوں کے متعلق لکھے ہوئے ہیں اور اتنا مبالغہ کیا ہے کہ میں نے سمرک کا امتحان دیا۔ ہندوؤں کی تاریخ کا [illegible] پڑھا ہی نہیں۔ میرے ساتھیوں نے کہا کتاب پڑھتے ہیں۔ میں نے کہا انہوں نے آپ بنائی ہے تاریخ۔ میں امتحان کے کمرے میں خود بنا لوں گا۔ پڑھنے کی کیا ضرورت ہے۔ پڑھے تو وہ جہاں کوئی واقعہ ہوا اس کو تاریخ میں لکھا۔ جب انہوں نے تاریخ آپ بنا لی۔ میں بھی آپ بنا لوں گا۔ اور [illegible] آپ بنائی ان کی تاریخ اور بہت اچھے نمبر دیئے ممتحن نے مجھے تو قصے تو کافی نہیں ہمارے لئے ہمارے لئے تو ہمارا خدا کافی ہے جو الحق ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس الحق [illegible] اس واسطے [illegible] صداقت کے اور سچے اور نشان دیکھیے کہ ان کو مثال ہی نہیں آپ نشان دیکھتے ہیں۔ [illegible] دیکھیے ہمیں خدا تعالیٰ سے یہ دعا کریں کہ یہ انسان تو ہمیں دکھاوا ہے۔ نشانوں سے جو تو چاہتا ہے کہ ہم فائدہ اٹھائیں اور اپنی زندگیوں میں تبدیلی پیدا کریں اور اس کے مقصد میں زیادہ

[illegible] اس کی توفیق عطا کر۔ خدا کرے کہ ہم اس کی توفیق لے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ربوہ اور بیرونِ ربوہ میں سکنی اور زرعی جائیداد کی
خرید و فروخت کا سب سے پہلا اور قابلِ اعتماد ادارہ
احمد اسٹیٹس (رجسٹرڈ) انس مارکیٹ ربوہ فون ۵۳۵

بچوں کی تربیت کا
آسان اور موثر ذریعہ

اگر آپ حقیقتاً اپنے بچوں میں دینی روح پیدا کرنا چاہتے ہیں تو انہیں تشحیذ الاذہان پڑھنے کے لئے دیجئے!
یہ دلچسپ اور نہایت مفید پیارا رسالہ مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے زیر انتظام باقاعدگی سے ہر ماہ کی یکم تاریخ کو مرکز ربوہ سے شائع ہوتا ہے اور یقیناً اس قابل ہے کہ بچوں والا ہر احمدی گھرانہ اسے ضرور منگوائے
سالانہ قیمت بارہ روپے ہے۔
(مینیجر ماہنامہ تشحیذ الاذہان ربوہ)

ماہنامہ
خالد
ربوہ

ماہنامہ "خالد" نوجوانوں کی عالمگیر تنظیم مجلس خدام الاحمدیہ کا مرکزی ترجمان ہے اس بلند پایہ مجلہ میں مجلسی سرگرمیوں کے ساتھ نوجوانوں کے مناسب حال نہایت عمدہ علمی و تربیتی مضامین پیش کئے جاتے ہیں۔ مجلس خدام الاحمدیہ کے اراکین کے علاوہ دیگر احباب کے لئے بھی "خالد" کا مطالعہ یقیناً بہت مفید ہوگا۔
سالانہ قیمت ۱۵ روپے ہے
(مینیجر ماہنامہ خالد - ربوہ)

احمدی بھائیوں کے مشہور جیولرز
نیو پاک جیولرز
۱۱۱ فیروزپور روڈ نزد گلیکسی سینما اچھرہ لاہور۔ فون ۴۱۰۹۷۴ (ایرکنڈیشنڈ)
اور
۱۲ ذیلدار روڈ۔ اچھرہ لاہور (ایرکنڈیشنڈ)
پروپرائٹر: میاں عظیم قادر اینڈ سنز

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کیلئے
اپنے معروف ادارہ
گلوب ٹمبر کارپوریشن
۲۶۔ نیو ٹمبر مارکیٹ
راوی روڈ۔ لاہور پر
(گورنمنٹ کنٹریکٹرز)
تشریف لائیے!
فون نمبر ۶۰۲۲۰ / ۵۳۲۲۰ ، رہائش ۶۲۹۳۰ ، فیکٹری رچنا ٹاؤن ۷۱۰۷۰۰
احباب لکڑی کو دیمک سے محفوظ رکھنے کے لئے ہم سے رابطہ پیدا کریں

ہر قسم کی عمارتی لکڑی
دیودار، کیل، چیل، پڑتل کے لئے ہمارے ہاں رجوع فرمائیں
سٹار ٹمبر سٹور
۵۳۔ فیروزپور روڈ ——— بالمقابل تھانہ اچھرہ ——— لاہور
فون نمبر:۔ ۴۱۰۶۱۷

ہر قسم کا سامان سائیکل رکشا زنانہ خوبصورت کے لئے
آل ایڈ سائیکل سٹور
گنپت روڈ لاہور کو ہمیشہ یاد رکھیں

قدیمی ——— اوّلین ——— شہرۂ آفاق
دواخانہ حکیم نظام جان
ہر قسم کے مفید مشورہ کے لئے
دواخانہ حکیم نظام جان چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ کی خدمات حاصل کریں
مینیجر حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان

دانت مت نکلوائیے
ورنہ عمر بھر اس نقصان کی تلافی نہ ہو سکے گی!
اینٹی پائیوریا (ANTI PYORRHEA) قیمت ۱۵/-
اینٹی کیریز (ANTI CARIES) قیمت ۱۵/-
پائیوریا منجن (PYORRHEA POWDER) قیمت ۱۵/-
ٹوتھ کیور (TOOTH CURE) قیمت ۲/-
دانتوں کے متعلق مفید لٹریچر ۲۰ پیسے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر مفت حاصل کریں
کیور میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ (ڈاکٹر راجہ ہومیو) ربوہ۔ فون ۶۰۷

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کے لئے
پاک ٹمبر
۲۵۔ نیو ٹمبر مارکیٹ
راوی روڈ
لاہور
فون نمبر ۶۲۶۱۸ ، گھر فون ۵۳۵۰۰
کو ہمیشہ یاد رکھیے

کوٹھی، مکان، پلاٹ، زرعی زمین کی خرید و فروخت کیلئے
آپ کا مخلص، مستعد، معاون ادارہ
فضل عمر کنسٹرکٹرز اینڈ پراپرٹی ڈیلرز
نزد ریلوے پھاٹک
اقصیٰ روڈ۔ ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ماہنامہ "خالد" ۔ ماہنامہ "تشحیذ الاذہان" ربوہ

ہمیں خریداران و ایجنٹ صاحبان ماہنامہ خالد اور ماہنامہ تشحیذ الاذہان کی طرف سے بڑی کثرت سے رسائل بھجوانے سے متعلق خطوط موصول ہو رہے ہیں۔ جن سے اس امر کی نشاندہی ہوتی ہے کہ ان رسائل کی اشاعت میں تاخیر ان پر شاق گزر رہی ہے۔ یہ امر ہمارے لئے از حد پریشانی کا موجب ہے۔ خصوصاً بچے اپنے پیارے رسالہ تشحیذ الاذہان سے محبت کے باعث بہت بیتاب ہیں۔

ہم حسب سابق خریداران و ایجنٹ صاحبان ماہنامہ خالد اور ماہنامہ تشحیذ الاذہان کی آگاہی کے لئے اعلان کرتے ہیں کہ ہر دو رسائل کے پبلشر مکرم محترم محمد شفیق صاحب قیصر مرحوم تھے۔ آپ گزشتہ ماہ بفضلہ تعالیٰ الٰہی وفات پا چکے ہیں۔ اس وجہ سے ماہ اپریل سے ماہنامہ خالد اور ماہ مئی ۱۹۷۹ء سے ماہنامہ تشحیذ الاذہان کی اشاعت بند ہے اور نئے پبلشر کے لئے ضروری کارروائی ہو رہی ہے۔

انشاء اللہ نئی تقرری کی منظوری کے بعد حسب سابق ماہنامہ خالد اور ماہنامہ تشحیذ الاذہان کی اشاعت جاری ہو جائے گی۔

خریداران و ایجنٹ صاحبان اس عرصہ میں دعاؤں کے ساتھ ہماری مدد فرمائیں اور رسائل کی اشاعت کا انتظار فرمائیں۔

(مینیجر ماہنامہ خالد ۔ ماہنامہ تشحیذ الاذہان ۔ ربوہ)

انشاء اللہ تعالیٰ

حضرت حکیم نظام جانؓ

کے فرزند اور جانشین

حکیم عبدالحمید صاحب اعوان

مشہور دواخانہ بالمقابل ایوان محمود (ربوہ) میں ہر ماہ کی آخری جمعرات اور جمعہ کو مطب فرمایا کریں گے

ربوہ اور اس کے قریب جوار کے مریض ان دو دنوں میں فائدہ اٹھا سکتے ہیں

جمعرات تین بجے بعد دوپہر سے شام چھ بجے تک اور جمعہ صبح آٹھ بجے سے بارہ بجے دوپہر تک

(مینیجر مشہور دواخانہ ربوہ)

دفتر الفضل سے خط و کتابت کرتے وقت اپنے نمبر خریداری (چٹ نمبر) کا حوالہ ضرور دیجئے۔ (مینیجر الفضل ربوہ)

نمایاں کامیابی

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے میری بچی عزیزی عطیہ اسلام بھٹی نے راولپنڈی بورڈ کے مڈل سٹینڈرڈ کے امتحان میں ۷۰۰ نمبر حاصل کر کے طالبات میں اوّل پوزیشن اور مجموعی طور پر تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔

احباب دعا فرمائیں کہ بچی کی یہ نمایاں کامیابی اس کی مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ بنے اور اللہ تعالیٰ اسے نیک اور خادم دین بنائے۔ آمین۔

نیز میرا بڑا بچہ عزیز طاہر اسلام بھٹی امسال ایف۔ ایس سی پری میڈیکل کا امتحان دے رہا ہے۔ احباب کرام سے اس کی بھی کامیابی کے لئے از حد درخواست دعا ہے۔

طاہرہ اسلام
معرفت محمد اسلام بھٹی
جہلم

کراچی میں جائیداد

کی خرید و فروخت مثلاً پلاٹ، مکان، کوٹھی وغیرہ کے لئے درج ذیل پتہ پر اپنے قابل اعتماد ادارہ سے رابطہ قائم کیجئے۔

لینڈ مارکس

۳-ایسی، ڈیفنس سوسائٹی کمرشل ایریا "بی" کراچی نمبر ۲۴

فون ۔ ۵۴۰۸۶۶ / ۵۴۰۸۳۴

راولپنڈی و اسلام آباد

میں

پلاٹس و مکانات کی خرید و فروخت کیلئے

آپ کا اپنا ادارہ

قریشی پراپرٹی سینٹر

K82 ظفر الحق روڈ راولپنڈی

سے رجوع کریں

خوشخبری

زرعی و سکنی جائیداد کی خرید و فروخت کرتے وقت ہم سے مشورہ کرنا ہرگز نہ بھولیے۔

انشاء اللہ آپ ہمارے مشورہ اور صحیح راہنمائی سے فائدہ حاصل کریں گے۔

آپ سب کا جانا پہچانا

اپنا ادارہ

انیس اسٹیٹس پراپرٹی ڈیلرز

بالمقابل مسجد احمد اقصیٰ روڈ ربوہ

⊙ وی سی آر ⊙ ٹیلیویژن ⊙ ٹیپ ریکارڈ ⊙ ٹرانسسٹر

⊙ چینجر اور الیکٹرک ریڈیو کی معیاری مرمت کے سپیشلسٹ

ڈان ۔ محلہ دارالبرکات ربوہ

محمد شفیع بکس میکر

ہمارے ہاں ہیوٹی بکس، کٹلری بکس اور زیورات کے بکس تھوک پرچون دستیاب ہیں۔ خط لکھ کر مال منگوائیں۔

محمد شفیع بکس میکر

عین بازار پھولوں والی گلی سیالکوٹ شہر

ٹریکٹر و کار برائے فروخت

ایک عدد ٹریکٹر نیا میسی فارگوسن ۴۵ ہارس پاور اور ایک کار آسٹن کیمبرج سیکنڈ ہینڈ اچھی حالت میں قابل فروخت ہے۔ خواہشمند حضرات رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

(انیس محمود کاہلوں ۹/۲ دارالصدر غربی نزد مسجد قمر ربوہ ۔ فون نمبر ۶۱۹)

جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے ۔۔۔ با اعتماد ادارہ ۔۔۔

نظیر کنسٹرکشن اینڈ پراپرٹی ڈیلرز

فون نمبر ۵۲۱

فون گھر ۴۳۱

ریلوے روڈ بالمقابل ریلوے اسٹیشن

رحمت بازار ربوہ کو یاد رکھیں!